# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## وفاقی حکومت کی جانب سے تحریک انصاف پر پابندی کی مایوس کن خواہش کے اظہار کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف نے عطاتارڑ کی پریس کانفرنس کو مخصوص نشستوں پر سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلے کے نتیجے میں ملنے والی شرمندگی مٹانے کی مکروہ کوشش قرار دے دیا، مینڈیٹ چوروں اوران کے سرپرستوں کی ہر سازش کا عوامی تائید وحمایت سے منہ توڑ جواب دینے کا اعلان

ذلت اور شکست سے بری طرح گھبرایا ہوااور دہشت زدہ مجرم حکومتی ٹولہ اپنی دھمکیوں سے 24 کروڑ عوام کو ڈرانا چاہتا ہے، پاکستان کسی مارشل لاء کے نتیجے میں بننے والی جاگیر نہیں، 24 کروڑ پاکستانیوں کا مسکن اور آئین کے تابع ایک ریاست ہے، اپنی خواہش کو قانون کا درجہ دیکر ملک تباہی وانتشار کی دلدل میں دھکیلنے والوں کا ہر میدان ہر محاذ پر ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے اور کریں گے، میدان میں جاتی امراء کا بھگوڑا نہیں جس کے کردار اور پلیٹ لیٹس کی گراوٹ کی کوئی حد ہی نہیں اور ملت فروشی اس کا دھندہ ہے،

یہاں واسطہ 24 کروڑ پاکستانی اوران کی سیاسی امنگوں کے امین ایک بااصول، محبّ وطن اور بے باک قائد سے ہے،

سیاسی جماعتیں جمہور کی آواز، سماج وسیاست میں ان کی مرضی اور منشا کی ترجمان اور کسی مملکت کی وحدت، یکجہتی اور ترقی کی ضامن ہوا کرتی ہیں، جمہور کی نمائندہ مقبول ترین سیاسی جماعتوں کو اندھی طاقت سے کچلنا نہ تو ممکن ہے نہ ہی کوئی احمق اس سے کسی مثبت نتیجے کی توقع کرسکتا ہے، آرٹیکل 6 کے حقیقی حقدار قوم کی نگاہوں کے سامنے واضح ہیں ان کے مقدّر کا فیصلہ بھی عوام ہی کریں گے،

اقوامِ متحدہ سے لیکر امریکی کانگرس تک اور ہیومن رائٹس کونسل سے ایمنسٹی انٹرنیشنل تک ہر آزاد اور غیر جانبدار ملکی و غیر ملکی ادارہ مینڈیٹ چور مجرموں کے ہاتھوں بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف آواز اٹھا رہا ہے،

حمود الرحمٰن کمیشن اور مشرقی پاکستان کے سقوط کے بعد کی جانے والے تمام تحقیقات شاہد ہیں کہ تاریخ کے اس المناک حادثے میں مقبول سیاسی جماعت اور منتخب عوامی قیادت کو کچلنے کی خواہشِ بد کا اہم کردار تھا، تاریخی گناہ دہرانے اور حماقتوں کے ریکارڈز قائم کرنے میں نہیں بلکہ ملکی مفاد سنجیدگی، متانت اور اصلاحِ فکر و عمل میں پوشیدہ ہے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ